●: اشاریہ ششماہی السیرہ عالمی (شمارہ ۱ تا ۲۵) مرتب: محمد سعید شیخ صفحات: ۱۴۴ قیمت: ۲۰۰ روپے

ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز 17/4-A ناظم آباد نمبر ۴ کراچی۔

''السیرہ'' تیرہ برس سے جاری ہے۔ اس کے اب تک ۲۸ شمارے شائع ہو چکے ہیں۔ لیکن زیرِ نظر اشاریہ ۲۵ شماروں پر مشتمل ہے۔ ''السیرہ'' نے اسوۂ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حوالے سے منفرد انداز میں سعادت حاصل کی ہے۔ پہلے شمارے سے اب تک معیار کو قائم رکھا گیا ہے۔ اس کا پہلا شمارہ ربیع الاوّل ۱۴۲۰ھ/جون ۱۹۹۹ء میں شائع ہوا تھا۔ سیرت نبوی کا مطالعہ کرنے والوں کے لیے ''السیرہ'' ایک نعمت ہے۔ اردو میں اس معیار کا مجلّہ دوسرا کوئی نظر نہیں آتا۔ اس کا مطالعہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ سیرت کے حوالے سے ایسے نئے موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے کہ جن پر اردو میں پہلے نہیں لکھا گیا تھا۔

اشاریے کے مرتب محمد سعید شیخ لکھتے ہیں:

''کسی بھی مجلّے یا رسالے کے اشاریے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس مجلّے یا رسالے میں شائع شدہ موضوعات پر مختلف مضامین و مقالات سے بہ یک نظر واقفیت حاصل ہو جائے۔ اور مطلوبہ مواد بہ آسانی کم وقت میں حاصل کیا جا سکے یہی مقصد اس وقیع مجلّے کی اشاریہ سازی میں پیشِ نظر ہے۔''

محمد سعید شیخ اشاریہ سازی کے فن پر مہارت رکھتے ہیں۔ انہوں نے محققین کی آسانی کے لیے مختلف طرح سے اشاریے مرتب کیے ہیں۔ اس کی ترتیب یوں ہے۔ ۱۔ بہ لحاظ مصنفین/مقالہ نگاران۔ ۲۔ بہ لحاظ مضامین/عنوان مقالہ۔ ۳۔ بہ لحاظ موضوعات۔ ۴۔ اشاریہ بہ لحاظ زمانی ترتیب۔ ۵۔ حمد نعت۔ ۶۔ میزان۔ تبصرۂ کتب۔ ۷۔ بہ لحاظ مؤلف کتب۔ ۸۔ بہ لحاظ عنوان کتب۔ ۹۔ بہ لحاظ تبصرہ نگار۔

''السیرہ'' میں بہت سے مصنفین نے سلسلہ وار لکھا اس طرح بہت سی کتابیں اس مجلّے میں محفوظ ہو گئی ہیں۔ سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی لائبریری ''السیرہ'' کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی۔

اس کتاب کا ''پیش گفتار'' مدیر السیرہ سید عزیز الرحمٰن نے تحریر کیا۔ ''تقدیم'' ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری۔ ''حرفِ تعارف'' ڈاکٹر صاحب زادہ ساجد الرحمٰن اور ''ہدیہ تبریک'' پروفیسر محمد اقبال جاوید نے پیش کیا ہے۔ (مبصر: جاوید اختر بھٹی)